ملک فرید اللہ خان: جناب والا! میں وزیر خزانہ صاحب کا مشکور ہوں لیکن میری ایک گزارش یہ ہے کہ ہم نے جو سکیمیں دی ہیں ان کے بارے میں ہمیں پلاننگ ڈویژن نے کبھی یہ نہیں کہا کہ آپ کی فلاں سکیم پالیسی کے تحت غلط ہے اور ہم نے جو بھی سکیمیں دی ہیں ان کا تناسب جو ہے وہ بھی ہم نے برابر رکھا ہے کہ اتنا روپیہ ہماری تعلیم والی سکیموں پر صرف ہو اور چالیس فیصد جو ہے وہ دیہی کاموں کے لئے ہو۔ لیکن اب جو چٹھی ہمیں آئی ہے اس میں یہ ہے کہ آپ پولیٹیکل ایجنٹ سے رابطہ قائم کریں۔ جب پولیٹیکل ایجنٹ کے پاس گئے تو ایک تو وہ رقم کم ہے جو ہمیں بتائی گئی تھی کہ ۵۰ لاکھ ہے تو ہمیں بتایا گیا کہ آپ کے ۳۲ لاکھ ہیں یا ۳۰ لاکھ ہیں اور ۲۵ لاکھ ہیں تو مختلف ممبران صاحبان کو مختلف فگرز بتائے گئے ہیں۔ دوسرا یہ کہ جو سکیمیں ہم نے بھیجی ہوئی تھیں وہ فہرست پر سرے سے ہیں ہی نہیں۔ انہوں نے اپنی ایک نئی لسٹ نکالی کہ جناب فلاں جگہ کو سڑک جانی ہے' ادھر سکول کھولنا ہے ادھر بی۔ ایچ۔ یو کھولنا ہے اور ہم نے انکار کر دیا کہ اگر یہ پوزیشن ہے تو ہم اس میں پارٹی اس لئے نہیں بن سکتے کہ ان کے پاس اور بھی اے۔ ڈی۔ پیز کے اختیارات ہیں اور یہ بھی حکومت انہی کی صوابدید پر رکھ رہی ہے۔

جناب والا! میں یہ گزارش کروں کہ آپ پلاننگ ڈویژن کو یا صوبائی حکومت کو مطلع کریں کہ اگر ہماری کوئی سکیمیں ہیں جو پالیسی کے تحت غلط ہیں تو اس کی نشاندہی کریں ہم آپ کو fresh سکیمیں مہیا کریں گے اگر نہیں تو ہمارا جو پیسہ ہے اس کے لئے ہمارا یہ حق بنتا ہے کہ ہماری جو مجوزہ سکیمیں ہیں وہی منظور کی جائیں۔

جناب چیئرمین: معزز رکن نے جو تحریک استحقاق پیش کی ہے اس کے ساتھ انہوں نے ایک خط بھی بھیجا ہے جو وزیر اعظم صاحب کے دستخط سے ان ممبران صاحبان کو ۶ اگست ۱۹۸۵ء کو بھیجا گیا تھا اس میں ضروری نکات ہیں وہ کچھ ایسے ہیں کہ۔

You would recall that the Federal Budget for 1985-86, including special funds for local development and education. The amounts initially earmarked Rs. 500 million for Local Government, Local Development and 800 million for education. These funds are additional to the normal provisions made by the Provincial Government and Local Institutions, for this purpose in their annual development programmes. It has been decided, that allocations from the special funds should be made for schemes identified by Members of the Senate on the basis of their personal knowledge of the needs of the people in their constituencies. These schemes should not only be sponsored by the Senators but their execution should be monitord by them. The launching of these schemes should be done by the elected Representatives, so that they are seen as responding to the genuine needs of the people.

تو اگر اس کو ہم نظر میں رکھیں تو یہ ۴۰ اور ۶۰ کی تقسیم بھی اس میں نظر نہیں آتی اور سکیمیں

essentially that Government has to consider, should be those schemes which are sponsored by the Senators or the honourable Members.

تو یہ یقین دہانی اگر ان کو ہو سکتی ہے تو ٹھیک ہے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! میں فاضل سینیٹر صاحبان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس سلسلے میں ہم متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کریں گے کہ جو بھی ان کی سکیمیں اس پالیسی کے اندر آتی ہیں، ۵ سو اور ۸ سو کے مطابق، سینیٹرز صاحبان اور ممبران قومی اسمبلی کی جو سکیمیں ہوں اور پالیسی کے مطابق ہوں ان سکیموں کو ان افسران کو رد کرنے کا اختیار نہیں ہو گا اور ان کو انہیں منظور کرنا ہو گا آپ کے ارشاد کے مطابق لیکن جہاں کہیں کوئی پالیسی کا ٹکراؤ ہو گا اس کو آپ سلجھا دیں گے۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آپ ملک فرید اللہ خان صاحب/ اس پر اصرار نہیں کریں گے؟

ملک فرید اللہ خان: جی ہاں اس کے بعد میں اس پر اصرار نہیں کرتا۔

ADJOURNMENT MOTIONS

جناب چیئرمین: جناب میرداد خیل صاحب!

SHIFTING OF LIQUIFIED GAS PLANT FROM QUETTA TO SIND

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ روزنامہ مشرق کوئٹہ ۶ نومبر ۱۹۸۵ء میں یہ خبر نمایاں طور پر شائع ہوئی ہے کہ کوئٹہ کے مائع گیس پلانٹ کو سندھ منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بلوچستان کے عوامی حلقوں نے پلانٹ کی منتقلی پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا ہے کہ اس سے لوگ ایک سہولت سے محروم ہو جائیں گے۔ انہوں نے گورنر بلوچستان اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مائع گیس پلانٹ کو سندھ منتقل نہ کیا جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

اگر متعلقہ منسٹر نہیں ہے تو..................

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! متعلقہ منسٹر اس وقت نہیں ہیں تو کل اس کو ٹیک اپ کر لینگے۔

جناب چیئرمین: آپ فرماتے ہیں کہ متعلقہ منسٹر نہیں ہیں تو کل تک آپ انتظار کر لیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: پھر ایک دوسری تحریک ہے۔ واپڈا کے ملازمین گرفتار کئے گئے تھے اور اغواء کئے گئے تھے

جناب چیئرمین: نہیں وہ تو آگے آئے گا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: اس کو کئی دن ہو گئے۔ وہ بہت اہم ہے۔ یا اس کو لیا جائے یا اسی کو لے لیں۔ یہ بہت سے محترم وزراء ہیں، ۳۵ وزراء نے آخر حلف لیا ہے۔ یہ کس لئے ہیں۔ کوئی نہ کوئی تو جواب دیں۔ آخر ۳۵ ہیں۔

جناب اقبال احمد خان: میں اس کا جواب دیتا ہوں۔ یہ پیش کر لیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب محترم بلوچستان ایک سرد علاقہ ہے اور اس میں ایک قدرتی گیس ہے۔ جو وہاں سے نکلی اور پاکستان کے کونے کونے تک پہنچی ہے۔ خوش قسمتی سے صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق صاحب کے دور میں اور گورنر رحیم الدین خان صاحب کے دور میں بلوچستان میں قدرتی گیس پہنچائی گئی ہے اب یہ ایک دور دراز علاقہ ہے لیکن یہاں کے

[Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel]

مائع گیس پلانٹ کو سندھ منتقل کر دیا گیا ہے۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس گیس پلانٹ کو کسی اور جگہ منتقل کیا جائے یعنی کہ لورالائی ' یا ژوب ' یا جو سرد علاقہ ہو وہاں منتقل کیا جائے جہاں سردی ہوتی ہے۔ وہاں آگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ سندھ تو ویسے بھی گرم علاقہ ہے۔ اور بلوچستان غریب علاقہ ہے اور وہاں لکڑی کی کمی ہے اور وہاں لوگ غریب ہیں۔ تو میری یہ گذارش ہوگی کہ وہ گیس پلانٹ ایسے علاقے میں منتقل کیا جائے جہاں آبادی بھی زیادہ ہو ' اور وہاں کے عوام فائدہ حاصل کر سکیں اور عوام کے جو مسائل ہیں وہ ایک حد تک حل ہو سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: یہ تو آپ کی تجویز ہوئی ناں یہ نہیں بتایا کہ اس پر بحث کیوں ضروری ہے۔ تجویز کے متعلق آپ کو دوسرا ریزولیوشن ۱۸۷ یا ۱۸۴ کے تحت لانا ہو گا۔ جناب لاء منسٹر صاحب!

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! پہلی تو گزارش یہ ہے کہ یہ ایڈ جرنمنٹ موشن انڈر رول ۸۱ سی اینڈ جے ' inadmissible ہے۔ یہ اخبار ۶ نومبر کا ہے اور موشن دسمبر کے آخیر میں دی گئی ہے۔

Therefore, it should be restricted to a matter of recent occurrence. Secondly, it deals with a hypothetical case.

ویسے میں یہ عرض کروں گا کہ اس کی منتقلی کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ اس لئے ان کی یہ موشن قبل از وقت ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب میرداد خیل صاحب! یہ کہتے ہیں کہ منتقلی کا ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا تو اس لحاظ سے موشن قبل از وقت ہو جاتی ہے۔ اس صورت حال میں آپ اس پر اصرار کریں گے یا فیصلے کا انتظار کریں گے؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: یہ یقین دہانی کرائیں کہ یہ گیس پلانٹ منتقل نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین: ایڈ جرنمنٹ موشن سے تو کوئی یقین دہانی نہیں ہو سکتی ' ایڈ جرنمنٹ موشن پر یقین دہانی کے لئے بحث ہو سکتی ہے۔ جیسے میں نے پہلے عرض کیا تھا اس کے لئے ایک ریزولیوشن لانا ہو گا۔

But this is inadmissible, out of order premature.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: آپ مسترد کر دیں۔

جناب چیئرمین: میں نے مسترد کر دیا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: بس یہ ٹھیک ہے حسب معمول، تاکہ آپ کا کام آسان ہو جائے۔

جناب چیئرمین: جی آسان ہو جائے گا۔ مولانا کوثر نیازی صاحب نمبر ۹ مورخہ ۲ جنوری!

ISRAELI GOODS IN ISLAMABAD MARKETS

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! تحریک التواء یہ ہے۔ "روزنامہ بزنس ریکارڈ کراچی کے نمائندہ خصوصی اسلام آباد نے خبر دی ہے کہ اسلام آباد کے اسٹورز میں اسرائیل کی بنی ہوئی مصنوعات فروخت ہو رہی ہیں میں نے اس خبر پر مبنی ایک تحریک التواء ۸ دسمبر کو سینٹ میں بھجوائی تھی لیکن اجلاس Prorogue ہونے کی وجہ سے اس کی باری نہیں آسکی۔ اسرائیل کو عالم اسلام اور بالخصوص پاکستان جس نظر سے دیکھتا ہے وہ محتاج بیان نہیں اسمگلنگ کی مصنوعات کی فروخت کا اس نقطہ عروج تک پہنچ جانا کہ اسرائیل کی مصنوعات پاکستان کے دارالسلطنت میں کھلے بندوں فروخت ہونے لگیں، حکومت کی نااہلی کی انتہا ہے۔ لہٰذا میں دوبارہ تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اس مسئلہ پر بحث کی جائے"۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

میاں محمد یاسین خان وٹو: جناب والا! میں جناب کی وساطت سے فاضل ایوان کے سامنے یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی امپورٹ پالیسی میں اسرائیل سے کسی چیز کی درآمد کرنے کی اجازت نہیں ہے اور آج تک کبھی بھی پاکستان کی امپورٹ کی پالیسی یہ نہیں رہی ہے کہ اسرائیل کی کوئی چیز درآمد کی جائے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ حکومت کی بلکہ پاکستان کی ساری حکومتوں نے کبھی اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا، اور نہ ہی جناب والا! کسٹم کے محکمے نے ایسی کوئی اسرائیل کی بنی ہوئی چیزوں کی نیلامی کی ہے۔

صورت حال کچھ یہ ہے کہ کچھ چیزیں اسرائیل کی بنی ہوئی باہر کی دنیا میں بکتی ہیں۔ مثلاً جن میں قمیضیں ہیں، نکٹائیاں ہیں یا چمڑے کی بیلٹ اور بچوں کی چیزیں وغیرہ ہیں ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص جو باہر سے آیا ہو، اور وہ اپنے استعمال کے لئے باہر سے کوئی چیزیں لایا ہو، جو یہاں کے کسی سٹور پر رکھ دی گئی ہوں۔ کیونکہ جہاں تک حکومت کا تعلق ہے وہ چیزیں جن کے بارے میں تفصیلاً تلاشی لی جا سکتی ہے کبھی اسرائیل کی کسی چیز کی اجازت نہیں دی گئی اور اس وقت تک صورت حال یہ ہے کہ کسٹم یا کوسٹ گارڈ، پولیس یا ایف آئی اے فرنٹئر کانسٹیبلری یا

[Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo]

فرنٹیئر کور نے جتنے بھی اس وقت تک کیسز پکڑے ہیں۔ اسرائیل سے سمگل ہو کر کوئی چیز یہاں نہیں آئی۔ یہ چھوٹی چھوٹی چیزیں ہیں جو ہو سکتا ہے باہر سے آنے والے کچھ لوگ لے کر آئے ہوں جن کو سو فی صد چیکنگ ممکن نہیں ہوتی۔

میں آپ کی وساطت سے فاضل ممبر صاحب کو اور اس معزز ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ اسرائیل کی بنی ہوئی کوئی چیز امپورٹ نہ کی جائے۔ میں اس ایوان کو اور فاضل ممبر صاحب کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان کی حکومت اسرائیل کی بنی ہوئی چیزوں کو کبھی امپورٹ کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔ اور اس سلسلے میں ہم پوری کوشش کریں گے۔ اگر کوئی شخص اس کی خلافی ورزی کرے گا تو اس کے خلاف سخت اقدام کیا جائے گا۔ ٹیکنیکلی بھی یہ صورت ہے کہ ۳۰ نومبر کے اخبار میں یہ خبر چھپی تھی اور پہلی ایڈجرنمنٹ موشن بھی فاضل ممبر نے ۸ دسمبر کو دی تھی۔ لیکن اس particular ایڈجرنمنٹ موشن کے بارے میں، میں فاضل ممبر سے یہ استدعا کروں گا کہ اس وضاحت کے بعد اس پر زور نہ دیں۔

جناب چیئرمین: مولانا کوثر نیازی صاحب؟

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! سوال یہ ہے کہ نومبر میں اگر یہ خبر چھپی تھی تو اس کے بعد تین مہینے ہو چلے ہیں۔ حکومت نے کیا انکوائری کرنے کی زحمت کی۔ اسلام آباد میں انٹیلی جنس جیسے سیاسی لیڈروں کا پیچھا کرنے سے فرصت نہیں ہے کیا اس نے سٹورز میں جا کر یہ تحقیق کی کہ واقعتاً اسرائیل کی مصنوعات یہاں فروخت ہو رہی ہیں یا نہیں ہو رہی ہیں۔ ان تین مہینوں میں ہونے والی تحقیقات کا حوالہ دیتے ہوئے اگر فاضل وزیر صاحب آج یہ کہہ دیں کہ ہماری تحقیقات کے نتائج یہ ہیں تو ہمیں بے حد خوشی ہوگی۔ لیکن وہ یہ تین مہینے کے بعد فرما رہے ہیں کہ حکومت ہر ممکن کوشش کرے گی کہ ایسا نہ ہو سوال یہ ہے کہ ایسا ہو رہا ہے اور چیزیں کھلے بندوں اسلام آباد میں اسرائیل کی بنی ہوئی فروخت ہو رہی ہیں انہوں نے ایک مفروضہ یہاں بیان کیا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ کچھ لوگ باہر سے چھوٹی موٹی چیزیں لے آئے ہوں اور وہ سٹور زپر رکھ دی گئی ہوں لیکن یہ تحقیقات کا نتیجہ نہیں تو میں یہ ان سے مطالبہ کرتا ہوں کیا وہ یہ یقین دہانی کرانے کو تیار ہیں کہ وہ ایک ہفتے کے اندر اندر اس کی انکوائری کرائیں گے اپنی سی آئی ڈی کے ذریعے سے اور پھر جو صورت حال ہو اس سے ایوان کو آگاہ کریں گے۔

میاں محمد یسین خان وٹو: جناب والا! میں اس سلسلے میں اس بات کے لئے تیار ہوں کہ

ہم اس سلسلے میں انکوائری کرائیں اور دیکھیں کہ کہیں ایسی صورت ہو رہی ہے تو اس کو ہم انشا اللہ روکیں گے اور ان کے خلاف سخت اقدام کریں گے اگر فاضل ممبر صاحب کے علم میں ہے تو وہ مہربانی کر کے ہمیں brief کر دیں تاکہ ہم وہاں خاص طور پر کوشش کر لیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ تو اس پہ آپ اصرار نہیں کرتے Not pressed. اگلا سوال مولانا سمیع الحق صاحب۔

INCREASE IN SUGAR PRICES

مولانا سمیع الحق : میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کا اجلاس ملتوی کر کے حالیہ اور قومی نوعیت کے ذیل کے فوری واقعہ کو زیر غور لایا جائے۔ مارشل لاء اٹھائے جانے کے فوراً بعد ملک بھر میں چینی کے نرخوں میں اضافہ کیا گیا اور من مانی نرخوں پر فروخت کی جانے لگی۔ حکومت کے انسدادی اعلانات اور اقدامات کے باوجود صورت حال جوں کی توں ہے اور چینی کے نرخوں میں اضافہ موجود ہے جب کہ عوام کو مہنگائی کی اس صورت حال سے بے حد پریشانی ہے۔ اس واقعہ کے محرکات اور اس کے تدارک پر مبنی اقدامات زیر غور لائے جائیں۔

Mr. Chairman: Is it being opposed? Sartaj Aziz Sahib?

Mr. Sartaj Aziz: I would like to oppose this on technical grounds. Under Rule 71(d), this issue was discussed recently by an identical motion in the National Assembly.

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اگر اردو میں بات کریں تو سمیع الحق صاحب مجھ سے مطالبہ نہیں کریں گے اس کا............

جناب سرتاج عزیز : پہلی گزارش یہ ہے کہ اس موضوع پر قومی اسمبلی میں حال ہی میں بحث ہو چکی ہے۔ اس لئے رول نمبر ڈی۔ ۷۱ کے تحت یہ یہاں پر Admissible نہیں ہے۔ اس کے علاوہ یہ ایک مفروضہ تحریک ہے جس میں جو قیاس پیش کیا گیا ہے۔ وہ حقیقت پر مبنی نہیں ہے کیونکہ اس صورت حال میں تبدیلی آ چکی ہے۔ بہر حال میں اس پر کچھ وضاحت پیش کروں گا لیکن فی الحال نہیں۔

جناب چیئرمین : قومی اسمبلی میں وضاحت پیش کی گئی ہے وہ اگر یہاں پر بھی ہو جائے تو تسلی ہو جائے گی۔

جناب سرتاج عزیز : یہ صحیح ہے کہ اس سال گنے کی فصل پانی کی کمی کی وجہ سے کافی

متاثر ہوئی اور قریباً ۱۰ فی صد کی کمی کی توقع ہے۔ اس کے ساتھ ہی گڑ بنانے میں گنا زیادہ استعمال ہوا۔ اس لئے مجموعی طور پر چینی کی پیداوار جو پچھلے سال ساڑھے بارہ اور ۱۳ ملین ٹن کے درمیان تھی اس سال ساڑھے دس یا گیارہ لاکھ ٹن سے زیادہ نہیں ہوگی۔

حکومت مختلف اقدامات کے بارے میں سوچ رہی تھی کیونکہ ابھی چینی بنانے کا سیزن شروع ہوا تھا اس لئے توقع تھی کہ اس سیزن کے دوران چینی کی قیمت نہیں بڑھے گی. لیکن دسمبر میں کچھ تو سندھ میں ہڑتال ہوئی اور وہاں گنے کے جو کاشتکار تھے انہوں نے کچھ عرصہ کے لئے ملوں کو گنا نہیں دیا اور اس کے علاوہ جو تاجر حضرات تھے انہوں نے بھی کمی کے پیش نظر ذخیرہ اندوزی کی۔

حاجی محمد عمر خان: پوائنٹ آف آرڈر سر! اصل میں بات یہ ہے کہ میں کئی مہینوں سے چلاتا آرہا ہوں بارش کی وجہ نہیں گڑ کی وجہ نہیں، اگر وجہ ہے تو زمیندار کی قوت خرید ہے جو ختم ہو چکی ہے پیسے اس کے پاس نہیں تھے کہ کھاد ڈال سکے۔ اصل میں بات یہ ہے پانچ شوگر ملیں ہمارے صوبے کی بند پڑی ہوئی ہیں کیوں؟ پچھلے سال بھی خسارے میں جا رہی تھیں اب مزارعین کاشتکاروں اور زمینداروں کی قوت خرید ختم ہو چکی ہے۔ اور اس کے لئے کمیٹی بھی بن چکی ہے سینٹ کی زرعی کمیٹی کئی مہینے ہو چکے ہیں۔ میں ان کے پیچھے پھرتا رہتا ہوں کہ خدا کے لئے بیٹھ جائے تاکہ صلاح مشورہ کریں۔ ملک تباہ ہو رہا ہے چینی اربوں روپے کی باہر سے منگوائی جا رہی ہے اور آپ چپ چاپ بیٹھے ہیں کام نہیں کرتے یہ قوم اور ملک تباہ ہو رہا ہے۔ تو غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں۔ اور یہ بالکل غلط بیان دے رہے ہیں۔ اس کو ہم کسی صورت میں ماننے کے لئے تیار نہیں۔

جناب چیئرمین: اس کا جواب بھی دیں گے۔

جناب سرتاج عزیز: تو یہ صحیح ہے کہ دسمبر کے آخری حصے میں چینی کی قیمتیں کسی حد تک بڑھیں حکومت نے اس سلسلے میں فوری اقدامات کئے سب سے پہلے تو حکومت کی طرف سے ایک لاکھ ٹن چینی منگوانے کا فیصلہ کیا گیا اس کے ساتھ ہی جو امپورٹ ڈیوٹی چینی پر تھی وہ پانچ روپے سے کم کر کے چار روپے کر دی گئی تاکہ جو چینی باہر سے آئے وہ مارکیٹ کی قیمتوں کے مطابق تاجر حضرات منگوا سکیں۔ تو ان دونوں اقدام سے مارکیٹ پر بہت اچھا اثر پڑا ہے اور چینی کی قیمت پچھلے دو ہفتے میں تقریباً ایک روپیہ فی کلو کم ہوئی ہے لیکن ابھی تک اس سطح پر نہیں آئی جو

نومبر میں تھی لیکن جس طریقے سے بڑھی تھی وہ اب رجحان کم ہو گیا ہے اور چینی کی قیمتیں معمول پر آرہی ہیں پرسوں کی اطلاع کے مطابق اب تک پرائیویٹ سیکٹر میں بھی ایک لاکھ ستر ہزار ٹن چینی منگوانے کا انتظام کر لیا گیا ہے اور یہ حکومت کے ایک لاکھ ٹن چینی کے علاوہ ہے اس سال جو کمی کا تخمینہ ہے وہ تین اور چار لاکھ ٹن کے درمیان ہے اگر ضرورت پڑی تو حکومت انشا اللہ اور چینی منگوانے کا انتظام بھی کرے گی تا کہ چینی جیسی ضروری جنس کی قیمت قابو میں رہے جناب چیئرمین! یہ تحریک التوا ہے چینی کے بارے میں، گزارش ہے کہ یہ عارضی طور پر ایک صورت حال پیدا ہوئی تھی اور جو موثر اقدام کرنے کے بعد قابو میں آرہی ہے۔

اس کے علاوہ جو دوسرے فاضل رکن نے مجموعی طور پر زرعی صورت حال کی بات اٹھائی اور خاص طور پر گنے کی فصل کی وہ کسی حد تک تو صحیح ہے کہ کاشتکاروں کو وقتاً فوقتاً مشکلات پیش آتی ہیں اور ان کی یہی شکایت ہے کہ قیمتیں کم ہیں اور جو چیزیں وہ استعمال کرتے ہیں ان کی قیمتیں زیادہ ہیں۔ لیکن کم از کم صوبہ سرحد میں گنے کی فصل میں کمی نہیں ہوئی اس سال جو ۷ فی صد کمی ہوئی ہے گنے میں سارے ملک میں وہ صوبہ سرحد میں نہیں ہوئی صوبہ سرحد میں گنے کی فصل قریباً اتنی تھی جتنی پچھلے سال تھی۔ لیکن اس سال معمول کی نسبت گڑ میں زیادہ گنا استعمال ہوا اور چینی میں کم ہوا۔ اور گڑ کی جو قیمت ہے وہ چینی سے کسی حد تک زیادہ ہے اس لئے کاشتکار کو گڑ کی شکل میں جو قیمت ملی وہ تقریباً ۱۵ فیصد روپے من کے حساب سے تھی جب کہ گنے کی قیمت شوگر ملوں سے صرف نو روپے تھی۔ تو کاشتکار کو جو گنے سے آمدنی تھی وہ کافی حد تک معقول ہوئی اسی لئے گنا مل کو نہیں دیا اور تمام ملوں میں اس دفعہ گنے کی کمی ہے۔

حکومت نے حال ہی میں اس کے لئے بھی بہت سے خاص اقدام کئے ہیں تا کہ صوبہ سرحد کی چینی کی جو صنعت ہے اس کو مشکلات سے بچایا جاسکے۔ اس میں ان کو مراعات دی جارہی ہیں جو چینی چقندر سے پیدا کر رہے ہیں ان کے لئے بھی تجاویز زیر غور ہیں اس سلسلے میں ملوں کو مالی امداد بھی دی جارہی ہے تا کہ اس سال جو ان کو نقصان ہوا ہے اس کی کسی حد تک تلافی ہو سکے۔ یہ صحیح ہے کہ زرعی شعبے میں اور بہت سے مسائل ہیں جس پر غور کرنے کی ضرورت ہے اور میں فاضل ممبر کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس سینٹ کو جو زرعی کمیٹی ہے اس کا اجلاس انشا اللہ ۲۰ فروری کو ہو گا اس میں جو مختلف مسائل ہیں وہ زیر بحث لائے جاسکتے ہیں۔

[Mr. Sartaj Aziz]

جہاں تک اس تحریک کا تعلق ہے اس کے بارے میں میں پھر یہ گزارش کروں گا کہ اس میں جو عارضی صورتحال ہڑتال اور تاجروں کی ذخیرہ اندوزی کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی اس سلسلے میں حکومت مؤثر اقدام کر چکی ہے قیمتیں معمول پر واپس آ رہی ہیں۔ اور انشا اللہ چینی وافر مقدار میں ملک میں میسر ہو گی اور مناسب قیمتوں پر ملے گی۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: جناب والا! منسٹر آف اسٹیٹ کی خدمت میں عرض ہے کہ اگر وہ صرف کل صبح اپنا آدمی بھیج کر اسلام آباد راولپنڈی اور گوجر خان میں چینی کی قیمت چیک کروالیں تو انہیں پتہ چلے گا کہ دس روپے سیر سے کم نہیں بک رہی ہو گی۔

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین صاحب! وزیر مملکت صاحب نے جو وضاحت فرمائی ہے۔ ان تمام عوامل کے باوجود ۳۰ دسمبر کو جب مارشل لاء اٹھنے کا اعلان ہوا تو یہ ریٹ ایک دم اتنے کیوں بڑھ گئے۔ اگر ایسے عوامل تھے تو ۲۸ یا انتیس دسمبر کو بھی یہی صورت حال ہونی چاہئے تھی۔ یہ چند گھنٹوں میں تمام عوامل اور حالات کا ظہور اچانک ہو گیا۔

دوسرا منسٹر صاحب نے جو فرمایا ہے کہ نرخ متوازن ہو رہے ہیں یہ بالکل غلط ہے۔ بازار میں چینی کے نرخ دس، ساڑھے دس روپے تک پہنچ چکے ہیں اور یہ بڑھتے جا رہے ہیں۔ اگر ہم باہر سے سونا دے کر ڈالرز کے ذریعے چینی منگواتے ہیں اس کی بجائے اگر یہ کیا جائے کہ ہم گنے کا ریٹ بڑھا دیں تو کیا بہتر نہ ہو گا۔ یہاں تو ہمیں صرف ملکی روپیہ دینا ہو گا اور باہر سے ہم اربوں روپے کے ڈالر دے کر چینی منگواتے ہیں۔ انہوں نے خود فرمایا ہے کہ گڑ کا ریٹ زیادہ تھا اور چینی کا کم تھا اگر یہی صورت حال رہی تو اگلے سال تیس روپے کلو گرام تک چینی کا نرخ پہنچ جائے گا۔ ابھی سے اس کا انتظام کیا جائے۔ مناسب یہ ہے کہ گنے کا ریٹ بڑھایا جائے اور باہر سے جو ہم زر مبادلہ خرچ کر کے چینی منگواتے ہیں اس پر کنٹرول کیا جائے۔ اس کے علاوہ مہنگائی پر بھی کنٹرول کرنا چاہئے۔ میرے خیال میں مہنگائی کو روکنے کے لئے کوئی اقدامات نہیں کیے گئے۔ اس کے لئے سخت اقدامات کرنے چاہئیں بدقسمتی سے صوبہ سرحد میں تو چینی کے ساتھ ایک بدشگونی وابستہ ہو گئی ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جہاں تک اس موشن کا تعلق ہے اس سٹیج پر ہم صرف

ایڈمبلسٹی کو ہی ڈسکش کر رہے ہیں۔ جو تجاویز آپ پیش کر رہے ہیں جیسا کہ وزیر موصوف نے ابھی عرض کیا کہ فروری میں وہ ایگریکلچر کی میٹنگ بلائیں گے اس وقت یہ تجاویز اس میں زیر غور آ سکتی ہیں۔ ان کا یہ کہنا صحیح ہے کہ چونکہ اس پر نیشنل اسمبلی میں بحث ہو چکی ہے اس لئے اس پر دوبارہ یہاں بحث نہیں ہو سکتی۔ مجھے افسوس ہے کہ اس کو آوٹ آف آرڈر قرار دینا پڑے گا۔ باقی تجاویز سینٹ کی ذیلی کمیٹی کا جو اجلاس فروری میں ہو گا اس میں آ سکتی ہیں۔

جناب پروفیسر خورشید احمد: نہیں ہیں۔ یہ تین چار تحاریک التواء ہیں ہمارے پاس وقت بہت کم رہ گیا ہے۔ لیکن چونکہ یہ پبلک امپارٹنس ارجنٹ میٹر اور recent accurrence کے ساتھ ڈیل کرتی ہیں، اس لئے اگر ایوان کو منظور ہو تو کل ان کو سب سے پہلے لے لیا جائے۔

مولانا سمیع الحق: میرے خیال میں چند منٹوں کا اضافہ کر کے اسے آج ہی لے لیا جائے کیونکہ جیسا کہ قاضی صاحب نے فرمایا یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے پورے صوبے اور ملک میں۔

جناب چیئرمین! اس پر کافی بحث ہو گی۔ تین تحاریک التواء تو پی آئی اے بلڈنگ میں بم پھٹنے پر ہیں پھر میران شاہ نادران ایجنسی میں بم پھٹنے پر ایک تحریک التواء ہے یہ قاضی حسین احمد صاحب کی ہے۔ تو میرے خیال میں اسے کل لے لیتے ہیں اور پہلا ہی کام یہ کرتے ہیں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! ٹائم میگزین کے بارے میں میری جو تحریک التواء تھی وہ اصل میں ان تمام قصوں کا روٹ کاز ہے۔ آپ اسے متواتر مؤخر کرتے چلے آ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: میں اسے مؤخر نہیں کر رہا۔ لیکن وہ ہے کہاں پر؟ اصل میں سوال یہ ہوتا ہے کہ ایک معزز ممبر کی ایک ہی تحریک التواء ایک دن میں پیش ہو سکتی ہے۔

مولانا کوثر نیازی: وہ تو پہلے اس دن سرکولیٹ ہوا تھا۔ یہ جو آپ نے آج اسرائیل کے سلسلے میں پیش فرمایا یہ تو مؤخر ہوا۔ پہلے یہ پیش ہو چکا ہے اس دن۔ یہ اس دن کے کھاتے کا ہے۔ یہ ٹائم میگزین کا موشن جو اس دن سرکولیٹ ہو گیا تھا وہ مؤخر ہوتا جا رہا ہے۔ اب ببرک کارمل نے بھی اپنی پریس کانفرنس میں اس کا حوالہ دیا ہے۔ وہ اتنا اہم ہے اور حکومت نے اس پر

ابھی تک تو کوئی سٹیٹ منٹ نہیں دی اور نہ اس کی تردید کی ہے جو اس میں کوائف بیان کیے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: اس کو میں دیکھ لوں گا چونکہ تحاریک التواء کا وقت ختم ہو چکا ہے اس لئے اس کو کل لے لیں گے۔ لیکن اس کے متعلق میں ابھی وعدہ نہیں کر سکتا۔ میں اس کو دیکھ لوں گا۔ اگر وہ ہوا تو اس کو بھی لے آئیں گے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب والا! ایک تحریک التواء واپڈا کے ملازمین کے بارے میں تھی جن کو اغوا کیا گیا ہے۔ یہ بہت اہم ہے۔

جناب چیئرمین: ہم نے جو طریقہ کار رکھا ہے وہ یہ ہے کہ جس Choronological آرڈر میں یہ ہمارے پاس پہنچتے ہیں اسی آرڈر میں ایک معزز رکن کا ایک اڈجرنمنٹ موشن رکھا جاتا ہے۔ اب اگر آپ نے ایک درجن موشن دیئے ہیں تو پھر آپ کو بارہ دن انتظار کرنا پڑے گا۔ اب ہم اگلی آئیٹم کو لیتے ہیں اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ ۱۹۷۷ء۔ ۷۸ پر بحث۔ اس بحث کا آغاز کون کرنا چاہتا ہے۔ جناب مقبول احمد خان صاحب

DISCUSSION ON THE COUNCIL ISLAMIC IDEOLOGIES REPORT FOR 1977-78

جناب مقبول احمد خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ جناب والا! میرے لئے یہ امر باعث سعادت ہے کہ میں آج اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر بحث کا آغاز کر رہاں ہوں۔ جیسا کہ معزز اراکین کے علم میں ہے کہ دستور پاکستان کی شق ۲۳۰ (۴) کے تحت ....

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: پوائنٹ آف آرڈر سر!

جناب چیئرمین: جی میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب والا! کیا وزیر محترم کے لئے خصوصی اجازت ہے کہ وہ پڑھ کر تقریر کریں؟

جناب مقبول احمد خان: یہاں طنز و حسد کی بجائے عمل کرنا سیکھیں، علمائے کرام کا کام یہ ہے کہ وہ عملی طور پر بات کریں۔ اس طرح تو کام نہیں بنتا۔ رولز کے تحت میں پڑھ کر تقریر

کر سکتا ہوں لیکن آپ ایسا نہیں کر سکتے۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر جناب والا!

جناب چیئرمین: جی فرمائیے۔

قاضی عبداللطیف: جناب عبدالرحیم میرداد خیل عالم تو نہیں ہیں۔ اور انہوں نے اس میں نشانہ ہمیں بنایا ہے۔

جناب چیئرمین: تیر ان کا غلط نشانے پر لگا۔ ان کا یہ مطلب تھا............

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں عالم بھی ہوں۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے میں کسی دینی مدرسے کا فارغ التحصیل نہیں ہوں۔ یہ اعزاز بھی مجھے حاصل ہے۔

جناب اقبال احمد خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی فرمائیے۔

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! جناب محترم سینیٹر قاضی عبداللطیف صاحب نے فرمایا ہے کہ جناب عبدالرحیم میرداد خیل عالم نہیں ہیں۔ ان کا ارشاد ہے کہ وہ عالم ہیں پہلے جناب اس کا فیصلہ کیا جائے کہ وہ عالم ہیں پہلے جناب اس کا فیصلہ کیا جائے کہ وہ عالم ہیں یا نہیں ہیں پھر یہ اعتراض منسٹر صاحب پر کیا جا سکے گا۔

جناب چیئرمین: عالم کا مطلب ہے جاننے والا۔ اور ہر ایک شخص جو سینٹ تک پہنچ سکتا ہے وہ اتنا جاننے والا ضرور ہے کہ اس کو عالم کہا جا سکے۔

جناب مقبول احمد خان: پھر تو آپ نے ہمارے حق میں فیصلہ کر دیا۔

جناب چیئرمین: جہاں تک تقریروں کا تعلق ہے عام رول یہ ہے کہ پڑھی ہوئی تقریریں نہیں کی جاتیں سینٹ میں یا اسمبلی میں۔ لیکن جہاں تک وزراء صاحبان کا تعلق ہے اگر وہ پالیسی سٹیٹ منٹ دینا چاہتے ہیں اور اس کے لئے Precision کی ضرورت ہے تو عام روایت یہ ہے کہ ان کو اجازت ملتی ہے۔ تو حتی الوسع کوشش کریں کہ اپنی تقریر زبانی کریں۔

جناب مقبول احمد خان: شکریہ۔ بہر حال سینیٹرز صاحبان کو معلوم ہو گیا کہ وہ جو لکھی ہوئی تقریر پڑھتے رہے ہیں آئندہ نہیں پڑھ سکتے۔ جناب والا! میرے لئے یہ باعث سعادت ہے کہ میں آج اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر بحث کا آغاز کر رہا ہوں جیسا کہ معزز

[Mr. Maqbool Ahmed Khan]

اراکین کے علم میں ہے کہ دستور پاکستان کی شق ۲۳۰ (۴) کے تحت اسلامی نظریاتی کونسل کی تشکیل کے بعد ہر سال اپنی ایک عبوری سالانہ رپورٹ اور سات سال کے اندر ایک اپنی رپورٹ حکومت کو پیش کرنی تھی۔ چنانچہ کونسل مذکور نے ۱۹۷۴ میں اپنی تشکیل کے بعد مندرجہ ذیل سالانہ رپورٹیں حکومت کو پیش کیں۔ سالانہ رپورٹ ۷۵۔ ۱۹۷۴ء ۷۶۔ ۱۹۷۵ء، ۷۷۔ ۱۹۷۶ء ۷۸۔ ۱۹۷۷ء ۷۹۔ ۱۹۷۸ء ۸۰۔ ۱۹۷۹ء، ۸۱۔ ۱۹۸۰ء، ۸۲۔ ۱۹۸۱ء، ۸۳۔ ۱۹۸۲ء اور ۸۴۔ ۱۹۸۳ء۔ چنانچہ ان موصول شدہ رپورٹوں میں سے ۷۵۔ ۱۹۷۴ء اس وقت کی پارلیمنٹ میں زیر غور آئی۔ سالانہ رپورٹ برائے سال ۷۶۔ ۱۹۷۵ء اور ۷۷۔ ۱۹۷۶ء اس معزز ایوان میں زیر بحث نہیں آئیں۔ اسلامی نظریاتی کونسل سے درخواست کی گئی کہ مطلوبہ تعداد میں طبع شدہ نقول فراہم کرے تاکہ ۱۹۷۵ء اور ۷۷۔ ۱۹۷۶ء کی رپورٹیں بھی اس وقت معزز ایوان میں پیش کی جاسکیں۔

جناب عالی! یہاں میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ نفاذ اسلام کے سلسلے میں یہ سنجیدہ کوششیں ۱۹۷۷ء میں عوام کے مطالبہ کے پس منظر میں ہوئیں۔ جناب صدر محمد ضیاء الحق کی خصوصی دلچسپی سے جو رپورٹیں موصول ہوئیں ان پر عمل درآمد کرنے کے لئے مختلف اوقات میں کابینہ کے سامنے پیش کر کے احکامات جاری کیے گئے۔ جناب والا! چنانچہ اس وقت کی کابینہ میں وقتاً فوقتاً یہ رپورٹیں زیر بحث آئیں اور بہت سی سفارشات پر عمل درآمد کرنے کے لئے اقدامات کئے گئے ۱۹۷۷ اور ۱۹۸۴ کے دوران سالانہ عبوری رپورٹوں کو ایوان میں پیش کر دیا گیا ہے نیز ۲۷ جنوری ۱۹۸۲ کی تحریک کا اعادہ کرتے ہوئے میں ایوان سے درخواست کروں گا کہ وہ ۱۹۷۷۔ ۱۹۷۸ کی رپورٹوں کو زیر بحث لائیں جو رپورٹ آج زیر بحث ہے اس رپورٹ میں کونسل نے جن موضوعات پر سفارشات کی ہیں۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں

۱۔ عقائد و عبادات

۲۔ نظام عدل

۳۔ نظام معیشت

۴۔ نظام تعلیم

۵۔ نشر و اشاعت

۶۔ طرز معاشت

جناب والا! اسلامی حکومت کا اولین فرض اہتمام صلوٰۃ ہے اور اس معاملے میں کافی پیش رفت ہوئی ہے۔ دفاتر میں، سرکاری اداروں میں اور دیگر اداروں میں صلوٰۃ کا بندوبست کیا گیا ہے۔ سرکاری سطح پر احکامات جاری کیئے گئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ بڑی حد تک اس پر عمل بھی ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ عقائد کی درستگی کے سلسلے میں قادیانی آرڈیننس ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اور اس پر عمل بھی ہو رہا ہے۔ نظام عدل کی تبدیلی کے لئے یہ ایوان اسلامی نظام عدل اور عوام کے جذبات سے واقف ہے۔ نظام عدل کو سرے سے تبدیل کر کے اسلامی رنگ میں ڈھالنے کا کام بتدریج آگے بڑھ رہا ہے۔

نظام معیشت کا تبدیل کرنا سب سے کٹھن اور اہم مسئلہ ہے اس کو اسلامی اقدار کے مطابق استوار کرنے میں کافی پیش رفت ہوئی ہے۔ بغیر سودی بینکاری کا اجراء چھوٹے قرضہ جات پر منافع نہ لینا، قرضہ حسنہ کا اجراء اور عشر و زکوٰۃ کا عائد کرنا چند اہم اقدامات ہیں جو حکومت نے اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کے نتیجے میں کئے ہیں لیکن ابھی اس میدان میں بہت کچھ کرنا باقی ہے

جناب والا! نظام تعلیم میں جہاں تک دینیات اور اسلامیات کے کورس کا تعلق ہے یا دینی مدارس کی اسناد کو عام سکولوں کی اسناد کے برابر درجہ دینے کا تعلق ہے اس پر کافی پیش رفت ہوئی ہے۔ نشر و اشاعت اور طرز معاشرت ہر دور کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگراموں میں خاصی حد تک تبدیلی ہوئی ہے تاکہ ان کو اسلامی اور قومی تشخص سے مکمل ہم آہنگی ہو سکے مجھے یہ معلوم ہے کہ اکثر و بیشتر علمائے کرام اس سے مطمئن بھی نہیں ہیں لیکن اس پر پیش رفت جاری ہے معاشرے کی تبدیلی میں سب سے پہلا قدم قومی لباس کی ترویج تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ اصلاح معاشرہ کے لئے بہت سے دیگر اقدامات کئے گئے۔ یہ صحیح ہے کہ وہ معاشرہ جس کی ہمیں توقع تھی ابھی تک قائم نہیں ہو سکا لیکن Evolutionary Process میں پیش رفت نسبتاً سست لیکن پائیدار ہوتی ہے۔ آخر میں صدر محترم کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اسلامی معاشرہ کی ترویج کی طرف پیش قدمی کا بیڑہ اٹھایا اور انشا اللہ اب نمائندہ حکومت اس کو منزل مقصود تک پہنچانے میں پوری پوری کوشش کرے گی۔ یہاں میں اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ بعض قوانین اور احکامات جن کا ان

سفارشات کے نتیجے میں اجراء ہوالفظ بہ لفظ اسلامی نظریاتی کونسل کے تجویز کردہ مسودات کے مطابق ہی نہیں ہے لیکن ان سفارشات کی روح اور مقصد کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اب کونسل مذکورہ کی سفارشات پر مبنی رپورٹ بابت سال ۱۹۷۷، ۱۹۷۸ معزز ایوان کے سامنے ہے جس کو وہ زیر غور لائے۔ میں نے ایک سطحی جائزہ پہلے ہی ایوان میں پیش کر دیا ہے اس میں کہیں کہیں ٹائپنگ کی غلطیاں رہ گئی ہیں جن کے لئے معذرت خواہ ہوں تصحیح شدہ جائزہ آج ایوان میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جناب جوگیزئی صاحب۔ ایک میں عرض کر دوں کہ ان میں خصوصی سفارشات ہیں اور حکومت کی رہنمائی کے لئے میرے خیال میں یہ بہتر ہو گا کہ اگر آپ ان سفارشات کی تائید کریں یا ان میں اگر کوئی ترمیم تجویز کرنی ہو تو وہ کریں تو وہ پھر آسان رہے گا۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جی میں وہی عرض کروں گا۔ ۱۴ سو سال سے اسلامی قانون کسی نہ کسی شکل میں تھا۔ آج میں نے ۷۹ - ۱۹۷۸ کی یہ رپورٹ پڑھی تھی قصاص و دیئت کے متعلق ہے یہ اس پر پہلے ہی کانفیڈنشل لکھا ہے فقہ مدرسے میں پڑھایا جاتا ہے۔ ہر عالم کو فقہ کے کل مسائل کا پتہ ہوتا ہے مگر یہ معلوم نہیں ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل نے اس کتاب پر کانفیڈنشل لکھ کر اسے پبلک کی نظروں سے کیوں چھپایا۔ کیا یہ کوئی ایٹم بم تھا جو بن رہا تھا یا کوئی ایسا مسئلہ تھا جو فارن میں برا اثر ڈال رہا تھا۔ یہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات تھیں ان کو عوام کے سامنے پیش ہونا چاہئے تھا۔ اس میں ہر علمائے فکر کا تجزیہ شامل ہونا چاہئے تھا مگر ایسا نہیں کیا گیا۔

اب جناب میں اس میں دیئے گئے قصاص اور دیت کے قانون پر آتا ہوں قرآن مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اس کا حکم ہے کہ قتل کے بدلے قتل، آنکھ کے بدلے آنکھ اور کان کے بدلے کان، ناک کے بدلے ناک اور جتنا زخم ہے اس کے برابر اس کا قصاص ہے۔ اور قصاص اس صورت میں ساقط ہو جاتا ہے جب کہ مدعی یا ولی اس کو بخش دے اور اس کے بدلے دیت لے لے۔ مگر یہاں پر قصاص کے ساتھ یہ ۲۵ سال کی قید لگانا میں انہیں سمجھتا ہوں کہ یہ تعزیز کہاں سے نکالی گئی یعنی اس کا ماخذ کہاں سے نکلا۔ فقہ قانون کے پانچ ماخذ ہیں۔ آیات حدیث اجماع قیاس اور احسان۔ قیاس اس کو کہتے ہیں کہ جب ہم کسی قانون کی ترمیم کرتے

ہیں تو قرآن اور سنت پر ہمارا انحصار ہوتا ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم اس سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ جب بھی قانون یا قانون سازی یا جرم کی پاداش میں یا معاشرے میں کسی چیز کے لئے قانون کی ضرورت پڑے تو انہی پانچ چیزوں کو سامنے رکھ کر ہم قانون بناتے ہیں۔ مجھے حیرت ہوئی کہ ۲۵ سال سزا قصاص میں کیسے ہو گئی اور ۲۲ سال زنا میں کیسے ہو گئی۔ زنا کے بھی چار گواہ ہوتے ہیں اگر چار گواہوں میں سے ایک منحرف ہو جاتا ہے تو اسے کذاب کہا جاتا ہے اور کذاب کو ۸۰ دُرے پڑتے ہیں اور اس کی گواہی ساقط ہو جاتی ہے۔ اب وہاں پر پولیس جب ایک آدمی کو پکڑ لیتی ہے اور اس کا چالان کر دیتی ہے اس کے لئے شرعی گواہ نہیں لاتی بجائے اس کہ اس کو کذاب کی سزا ملے ان کو چھوڑ بھی دیا جاتا ہے اور ۲۲ '۲۲ سال سزا بھی دی جاتی ہے۔ یہ نہ میرے فکر میں ہے نہ میرے علم میں ہے نہ میں سمجھتا ہوں کہ کسی اسلامی قانون میں یہ چیز ہے۔ مجھے اس کے ماخذ کا پتہ نہیں ہے کہ انہوں نے یہ ماخذ کہاں سے بنا لیا۔

اب آیئے ذرا اسلامی تاریخ پر نظر دوڑائیں قرآن کو پڑھنے کے بعد سب سے پہلی آیت ذالک الکتاب لا ریب فیہ۔ کہ یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ یہ ایک چیلنج ہے۔ ۱۴ سو سالوں میں انسانوں کیلئے بھی' جنات کیلئے بھی' کوئی بھی شخص اس قرآن کے متعلق کوئی چیز لا دے' سورۃ لا دے یا اس کے متعلق مضمون لا دے یا قانون لا دے' تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایک چیلنج ہے۔ جو قانون قرآن میں ہے میں اس قانون کے علاوہ دوسرا قانون بنانا یا جو سزا خداوند کریم نے کسی جرم کے لئے مقرر کی ہے اس سے کم کرنا یا زیادہ کرنا' یہ خود کفر ہے۔ خود قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو میرے اتارے ہوئے کلام کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا وہ کافر ہے وہ ظالم ہے وہ فاسق ہے۔ تو مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ اول کانفیڈنشل لکھنا ہے' پھر اس کے بعد تعزیزی سزائیں ۲۵ '۲۵ سال دینا جبکہ قرآن میں سزائے قید کا تصور ہی نہیں ہے کیوں؟ دو چیزیں ہوتی ہیں جسمانی زرر میں قصاص ہوتا ہے اور مالی زرر میں دیت ہوتی ہے۔ تمام دنیا کے قواعد انسانوں کے جرائم' جو انسانی جسم سے تعلق رکھتے ہیں وہ دو قسم کے ہوتے ہیں یا مارا جاتا ہے یا زخمی ہو جاتا ہے۔ دونوں صورتوں میں اس کا قصاص بھی ہے دونوں صورتوں میں اس کی دیت بھی ہے۔ دونوں صورتوں میں مدعی کو اختیار ہے کہ اس کو بخش دے۔ تو یہ مجھے سمجھ نہیں آئی کہ تعزیز کے تحت ۲۲ سال ۲۴ سال سزا کس منبع قانون سے' کس شرع سے' کس

[Nawabzada Jahangir Shah Jogizai]

شرع کے کس اصول سے، انہوں نے اخذ کی ہے۔

جناب والا! دوسری چیز یہ ہے اسلام ایک عقیدے سے تعلق رکھتا ہے، عقیدہ کیا ہے کہ اللہ پر بالغیب ایمان لانا، آخرت پر بالغیب ایمان لانا جہاں ہماری عقل، فکر رسائی حاصل نہیں کر سکتی ہے لیکن اگر ایک شخص کے ذہن میں خدا کا تصور آتا ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ خدا ہے۔ پھر اس کے ذہن میں تبدیلی آتی ہے۔ اس کے کردار میں ایک تبدیلی آتی ہے۔ اس کے برعکس جب انسان میں یہ تصور نہیں ہوتا ہے یہ اعتقاد نہیں ہوتا تو اس کے خیالات، اس کا کردار کچھ اور ہوتا ہے۔ اللہ کہتا ہے، "لا اکراہ فی الدین" کہ دین میں جبر نہیں ہے۔ لیکن معاشرے کے لئے جو قانون خدا نے نافذ کیے ہیں ان کو بزور نافذ کرنا پڑے گا

اب جو قوانین خداوند کریم نے معاشرے کے لئے نافذ کیے۔ مثلاً قتل، زخم، طلاق، نکاح، وراثت، زنا، چوری، فساد، یہ وہ تمام قوانین ہیں جو اس معاشرے کے لئے ضروری ہیں۔ ان تمام قوانین میں کہیں بھی سزائے قید نہیں ہے بلکہ فساد کے لئے بھی یہ ہے یا سولی چڑھاؤ، یا ہاتھ پاؤں کاٹو یا ملک بدر کرو، یہ سزا کی نوعیت ہے یا اس جرم کی نوعیت ہے۔ کہیں سزائے قید نہیں ہے۔ اس لئے مجھے حیرت ہوتی ہے؟ کہ اسلامی نظریاتی کونسل نے یہ سزائیں کہاں سے نکالیں اس کا منبع کیا ہے اس کا شرعی جواز کیا ہے؟

اب میں تاریخ پر آتا ہوں۔ حضرت ابو بکرؓ پہلے خلیفہ ہوئے خدا ان کو جنت نصیب کرے۔ اللہ تعالیٰ ان پر رحمتیں نازل کرے۔ پھر حضرت علیؓ تک اور حضرت معاویہؓ تک پھر اس کے بعد خلافت ملوکیت میں تبدیل ہوئی عباسیوں کے خاندان کو دیکھو، پانچ سو سال تک چلا، اور کیا کیا۔ اس کے بعد جو بھی ہمارے آئمہ تھے، سکول آف تھاٹ تھے، ایسے وقت میں انہوں نے فقہ کی تدوین شروع کی، ایک استنجا کے متعلق تو سینکڑوں مسئلے آپ کو ملیں گے لیکن حقوق العباد پر، سیاست پر حکومت پر اور شوریٰ پر کبھی کوئی چیز آپ کو نظر نہیں آئے گی۔ اس لئے کہ ملوکیت کے زمانہ میں ان لوگوں کو وہ فراغت یا آزادی نہیں تھی کہ وہ اس قسم کا قانون بنائیں جس سے بادشاہ پر اثر پڑتا ہو۔ یہ دو تین چیزیں میں نے دیکھی ہیں اور مجھے حیرت ہوتی ہے یا تو مجھے کوئی عالم یہ سمجھا دے یا اس قسم کا کوئی ادارہ مجھے یہ سمجھا دے کہ اسلامی قوانین میں سزاؤں کے ساتھ قید ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ اسلام میں یہاں تک ہے کہ جب کفار کے ساتھ جنگ

ہوتی تھی تو بھی جیل نہیں تھی، بلکہ وہ تقسیم کرتے تھے۔ تاکہ جو قیدی ہیں وہ لوگوں کے ساتھ رہیں۔ مسلمانوں کے اخلاق سے متاثر ہوں، اور ان کے اوپر خرچہ نہ ہو، بلکہ وہ مالک کا جو کام کرتا ہے اس کے صلے میں وہ اپنا معاوضہ پائے۔ چنانچہ قرآن میں، اسلام میں سزائے قید کا تصور نہیں ہے۔ اس لئے مجھے یہ اعتراض ہے کہ تعزیرات میں جو سزائیں مقرر کی گئی ہیں وہ خلاف شرع ہیں ماسوائے قصاص کے "مثلاً آنکھ کے بدلے آنکھ" بڑے بڑے علماء اور مسلمان جو فقہ یا فقہی مسائل پر دسترس رکھتے ہیں یا انسانی معاشرے کو سمجھتے ہیں ان کو چاہئے کہ اس پر دوبارہ نظر ثانی کریں اور وہ تمام قوانین جو غیر اسلامی ہیں انہیں نکال دیں ان الفاظ کے ساتھ میری آج کی observations ختم ہوتی ہیں۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ اور کوئی صاحب اظہار خیال کرنا چاہتے ہیں؟

حاجی محمد عمر خان: جناب والا! وزیر مذہبی امور سے میں پوچھنا چاہتا ہوں، اب اسلامی قانون نافذ کرنے کے لئے کتنی مدت درکار ہے۔ چالیس سال تو گزر چکے ہیں آپ اب بھی اسلامی نظریاتی کونسل کے پیچھے پھر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں اس نے یہ کہا، اس نے یہ رپورٹ دی۔ یہ رپورٹیں کب ختم ہوں گی۔ آخر اس کو ختم ہونا چاہئے اور یہ یاد رکھئے، میں سب کو یہی کہتا ہوں کہ اگر آپ نے اس سیشن میں دو، تین چھ سات مہینے میں اسلامی قانون نافذ نہ کیا تو میں نے صدر صاحب کو بھی کہا ہے، وزیر اعظم صاحب کو بھی اور سارے وزراء کو بھی کہا ہے کہ آپ پھر ان بینچوں پر نہیں آئیں گے اور نہ یہ پاکستان رہے گا۔ ان الفاظ کے ساتھ مختصر الفاظ جو میرے ذہن میں تھے آپ کو کہے خدارا اس ملک اور قوم پر رحم کیجئے اس کو اور برباد نہ کیجئے۔

جناب چیئرمین: شکریہ حاجی صاحب! اور کوئی صاحب؟ جناب برہان الدین صاحب!

شہزادہ برہان الدین خان: میں عرض کرتا ہوں۔ جناب وزیر صاحب نے لباس کے بارے میں اپنی تقریر میں ذکر کیا ہے۔ ہمارے ملک میں کوئی نئی چیز ہوتی ہے تو وہ انفورس نہیں ہوتی ہے۔ اگر کوئی بھی قومی چیز ہو، خواہ وہ language ہو، خواہ وہ تعلیم ہو، خواہ وہ لباس ہو، وہ انفورس نہیں ہوتا ہے۔ اس ہاؤس میں کوئی انگریزی میں بولتا ہے، کوئی قومی زبان میں بولتا ہے۔ یعنی جو کچھ کام ہوتا ہے اس کو خدا کے واسطے انفورس کریں۔ اور اسلام کو اس ملک میں قائم کریں جس کے لئے یہ ملک بنا تھا ہمیں یہی عرض کرنا تھا۔

جناب چیئرمین: لباس تو ایک چھوٹا سا حصہ ان کی تقریر اور ان سفارشات کا تھا، باقی بھی بہت ساری سفارشات ہیں۔

شہزادہ برہان الدین خان: ایک چھوٹی سفارش جو ہے اس کے اوپر تو قائم رہیں۔ اس کے اوپر عمل کریں تو پھر قوم جو ہے وہ آہستہ آہستہ بنتی ہے اور کسی چیز پر عمل کرنے کے بغیر قوم نہیں بن سکتی۔ ایک چیز ہم نہیں کر سکتے تو باقی چیزیں کیسے کریں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، اور کوئی صاحب، جناب پیر صاحب!

الحاج پیر سید محمد شاہ: جناب والا! بولتے تو بہت ہیں، آئین میں اسلام کا لفظ ہے مگر عمل میں کچھ بھی نہیں۔ بات ہے عمل کی، یہ کہتے ہیں کہ پاکستان اسلام کے لئے بنا، بولتے ہیں، کہتے ہیں، عمل نہیں کرتے۔

جناب چیئرمین: آپ بھی طریقہ کار بتا دیجئے، کہ عمل کے لئے حکومت کیا طریقہ کار اختیار کرے یا قوم اختیار کرے کہ وہ اس پر عمل کر سکے۔

الحاج پیر سید محمد شاہ: جناب والا! عمل کے لئے قرآن شریف موجود ہے۔ وہ اسی کے قاعدے پر عمل کریں۔ ہمارے پاس قرآن مجید موجود ہے۔ ہمارا وہ قائد ہے ہمارا وہ قانون ہے۔ جو کچھ قرآن شریف میں ہے وہ حقیقت ہے۔ اور اس کی تعمیل کریں۔ تعمیل کرانے والے حکام ہیں وہ یہ کام کریں، جب کوئی آدمی مرتا ہے، تو ملا کو لاؤ غسل دلاؤ ایسے کرو۔ ویسے کرو، زندہ ہے تو پھر وہ بات نہیں ہے۔ جب مرتا ہے تو ملا کو بلاتے ہیں، جنازہ، نماز بھی کرتے ہیں جو ہم کہتے ہیں وہ کرتے ہیں، اور جب تک زندہ ہیں تو اسلام کا کوئی پتہ ہی نہیں، اسلام چیز کیا ہے۔ اسلام کہتے کس کو ہیں۔ ہمارا دل جلتا ہے، منہ جلتا ہے، زبان جلتی ہے۔ جب اسلام کی تعمیل نہیں ہوتی ہے مسلمان ہیں تو مسلمان بننا ہو گا، مسلمان والی شکل بنانی ہو گی مسلمان کا حلیہ کیا ہونا چاہئے، حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا حلیہ مبارک کیا تھا۔ یہ ساری چیزیں ہمارے مسلمانوں میں ہونی چاہیں اس طرح بھی ہم نے گزارش کی تھی کہ اسلام کی تعمیل کرو۔ اسلام قائم کرو گے تو اسلام کے قائم ہونے سے انسان کے اعمال ٹھیک رہیں گے۔ اخلاق ٹھیک رہے گا۔ ابھی جو بد اخلاقی ہو گئی ہے، پرایا مال کھانے کی جو عادت ہو گئی ہے یہ اسلام نہیں پرایا مال کھانا ایسا ہے جیسے خنزیر کا خون ہے حلال حرام کی ہم میں تمیز نہیں ہے۔ یہ ساری برائیاں ہماری قوم میں ہیں۔ ہمارے ملک میں آپ جتنی بھی کوشش کریں یہ برائیاں

نہیں جائیں گی۔ جب تک اسلام نہیں ہو گا' حلال حرام کا امتیاز نہیں ہو گا۔ یہ ہے امتیاز کی بات۔ چھوٹے بچوں میں' بڑے بچوں میں فرق نہیں ہو گا۔ مسلمان کا عمل کیا ہونا چاہئے پرائی چیز کو کیسے دیکھنا چاہئے' پرائی چیز کون سی ہے اپنی چیز کون سی ہے۔ حلال کیا ہے حرام کیا ہے۔ پرائی عورت کیسی ہے' اپنی عورت کیسی ہے اور عورت کو دیکھنا جائز ہے یا نا جائز ہے۔ یہ سارا اسلام ہے۔ اسلام میں یہ ہے کہ پہلی نظر پڑ جائے تو اجازت ہے' دوسری مرتبہ پڑی تو زنا ہے یہ سارے فقہ کے مسائل ہیں۔ ہم بار بار گزارش کرتے ہیں۔ سننے والے بہت ہیں ماننے والے نہیں ہیں۔

بخدا ہمارے لئے یہاں ملک میں اسلام لاؤ۔ ہم اسلام کے قائل ہیں۔ اسلام کے لئے ہمارے دل میں خواہش ہے پریس کریں گے اسلام لاؤ۔ اسلام کے لئے پاکستان بنا تھا۔ مولانا صاحب اسلام کے وارث نہیں۔ ہم سارے اسلام کے وارث ہیں سب کو اسلام کے لانے کے لئے کوشش کرنی چاہئے۔ اسلام ہو گا تو تب ہی حلال و حرام کی تمیز ہو گی۔ پرایا مال نہیں کھائیں گے دوسروں سے چھیننا حرام ہے۔ یہ تمیز اسلام ہی میں ہے۔ پرایا مال لینا خنزیر ہے نفاذ اسلام ہو گا تو دین ہو گا پرایا مال کی خبر پڑے گی تب یہ ہو گا ورنہ نہیں ہو گا۔

ہماری یہی گزارش ہے آپ سے کہ زور دینا پڑے پیسے دینے پڑیں تو ایسا کریں۔ اسلام کے اوپر عمل کرو تو امتیاز ہو جائے کہ حلال کیا ہے حرام کیا ہے یہی گزارش ہے آگے آپ کو خدا ہمت اور توفیق عطا کرے آمین۔

<u>جناب چیئرمین</u>: بہت بہت شکریہ وہ نسخہ آپ نے بتایا نہیں کہ جس کی رو سے قوم کو اس کے اوپر مائل کیا جا سکے کہ اس پر عمل کرے۔ علامہ اقبالؒ نے برسوں یہی رونا رو دیا تھا جو آپ فرما رہے ہیں۔

به بند صوفی و ملا اسیری
حیات از حکمت قرآن نگیری
بآیاتش ترا کارے جز این نیست
که از یٰسین او آسان بمیری۔

جو آپ فرما رہے تھے کہ ملا کو بلا لو کہ یٰسین پڑھو تو ہم از یٰسین او آسان بمیری نسخہ تجویز کریں کہ عمل کس طرح کرایا جائے۔

الحاج پیر سید محمد شاہ: جناب والا! عمل سے مسلمان بنانا چاہئے اسلام اسلام نہیں کرنا چاہئے۔ مسلمان کو پانچ وقت نماز پڑھنی چاہئے اپنے ہاتھ سے کسی کو نقصان نہیں دینا چاہئے۔ مسلمان کی صورت کیسی ہو، حضور علیہ الصلوٰۃ و اسلام کی صورت کیسی تھی خلفائے راشدین کی صورت کیسی تھی۔ معاف کریں ہم سارے جو بیٹھے ہیں وہ مغرب پرست سب بیٹھے ہیں۔ آپ ضرور ناراض ہوں گے مگر ناراض ہونے دو حق بولوں گا۔ اس کے بعد پانچ وقت نماز پڑھنی چاہئے اس کے بعد کلام پاک پڑھنا چاہئے۔ مسلمان عمل سے بنے گا۔ جب تک پہلے اپنے گھر پر کنٹرول نہیں کرے گا تو ملک پر کنٹرول نہیں ہو گا۔ اپنے کو پہلے بنائیں پھر گھر کو بنائیں پھر آگے بات چلے۔ جب اپنے آپ پر گھر پہ اپنی بیویوں پر کنٹرول نہیں ہو گا تو اوروں کو کیا کہیں گے۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔ اور کوئی صاحب جو آج اظہار خیال کرنا چاہئے۔ چھتاری صاحب؟

جناب راحت سعید چھتاری: حضور والا! پیر صاحب کی تقریر سننے کے بعد مجھے پریشانی یہ لاحق ہو گئی ہے کہ جس اسلام کا یہاں تذکرہ ہو رہا ہے وہ کون سا ہے اکبر الہ آبادی نے کہا ہے۔

وہ ریش دکھاتے ہیں کہ اسلام کو لے آؤ
مس زلف دکھاتی ہے کہ اس لام کو دیکھو۔

اگر یہ طے کر لیا جائے کہ کس نام کی بات ہو رہی ہے تو پھر یہ زیادہ وضاحت سے سمجھ میں آجائے گا۔

جناب چیئرمین: فی الحال اسلامی نظریاتی کونسل نے جو رپورٹ پیش کی ہے اس کی بات ہو رہی ہے۔

جناب راحت سعید چھتاری: مگر یہاں تو تقریر ہوئی ہے اس میں تو پیر صاحب نے یہ ارشاد فرمایا پہلی نظر پڑنے کے بعد دوسری نظر نہ پڑے، تو آج کل وطیرہ یہ اختیار کر لیا گیا ہے کہ جب پہلی نظر پڑتی ہے تو پھر ہٹاتے ہی نہیں کہ دوسری میں گناہ ہو جائے گا۔ ان مشکلات کا حل اگر ہے نظریاتی کونسل میں پھر باقاعدہ..........

جناب چیئرمین: کوئی اور صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: اس کو من و عن وطن تسلیم کیا جائے بس ختم ہے مسئلہ اس میں بڑے اچھے مسائل بیان کئے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: اس میں ابھی بہت سارے حضرات کسی اور دن بولنا چاہتے ہیں۔ لیکن میرا خیال ہے کہ ہمیں آپ نام لکھوا دیں کہ کون صاحب کس دن بولنا چاہتے ہیں۔ بہرحال یہ نام لکھ لیں۔

The House is adjourned to meet tomorrow at 6.00 P.M.

[The Senate then adjourned to meet again at six of the clock in the evening on Thursday, January 30th, 1986].

PCPP - 2301(86)/Senate--4-2-87--300.